اخبار الجامعہ

۲۲ جنوری ۲۰۰۸ بروز منگل حضرت شاہ صاحب مرحوم کی ہمہ جہت خدمات کے اعتراف میں اور اہل علم طبقہ کے پرزور اصرار پر ''خدمات حضرت شاہ صاحب مرحوم کانفرنس'' انعقاد کامیابی سے عمل میں لایا گیا۔ مرحوم کی ایصال ثواب کے لئے ختم قرآن و بخاری شریف بھی ہوئے۔ دورانِ کانفرنس مرحوم کے رفقائے کار، احباب اور اساتذہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور عوام کی جم غفیر کو مرحوم کی خدمات کے مختلف گوشوں سے روشناس کرتے ہوئے آپ کی شخصیت کے جملہ پہلوؤں پر سیر حاصل تقاریر کیے اور مقالات پیش فرمائے اہم مہمانوں میں عبقری شخصیت مخدوم العلماء حضرت مولانا مفتی فرید صاحب مدظلہ العالی، ڈاکٹر مولانا شیر علی شاہ صاحب، مولانا انوار الحق نائب مہتمم جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک، شعلہ بیان مقرر علامہ عبدالمجید ندیم صاحب، جمعیت العلماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عطاء الرحمٰن صاحب، شاہ عبدالعزیز سابق رکن قومی اسمبلی اور اکرم خان درانی سابق وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد جیسے اکابرین شامل ہوئے۔

مجلس التحقیق الفقہی جامعہ المرکز الاسلامی کے زیر اہتمام تخصص فی الفقہ والافتاء کے نصاب کے بارے میں ایک اہم اجلاس بتاریخ ۲۸ جنوری ۲۰۰۸ بروز سوموار منعقد ہوا جس میں حضرت مہتمم صاحب، جامعہ کے رئیس مفتی، نائب مفتی اور نائب شیخ الحدیث نے شرکت کی تادیر غور وخوض کے بعد حضرت شاہ مرحومؒ کے زندگی کے آخری لمحات میں طے شدہ نصاب پر فیصلہ کیا گیا۔ مذکورہ نصاب مرحوم کے زیر صدارت جامعہ بنوری ٹاؤن کراچی میں تشکیل دیا گیا تھا۔ تجاویز وسفارشات برائے نصاب تخصص فی الفقہ الاسلامی وفاق المدارس العربیہ پاکستان

<u>سال اوّل:</u> کتب تدریس: (۱) السراجی، ۲: مقدمہ شامی، ۳: درمختار، نصف اوّل ، ۴: شرح عقود رسم المفتی، ۵: الاشباہ والنظائر (ابتدائی دس قواعد/۱) کتب مطالعہ: (۱) حاشیہ ابن عابدین (ردالمحتار) نصف اوّل، ۲: الفقہ الاسلامی وادلتہ (بیوع واجارہ)، ۳: فقہ اہل العراق، ۴: کفایت المفتی جلد اوّل، ۵: تمرین فتاویٰ (کم از کم ۵۷ فتاویٰ)، ۶: قانون معاہدہ، ۷: قانون بیع مال۔

<u>سال دوم:</u> کتب تدریس: (۱) درمختار حصہ دوم، ۲: معین القضاۃ والمفتین (مولانا شمس الحق افغانی) کتب مطالعہ: (۱) امداد الفتاویٰ، جلد ۳ کتاب البیوع، ۲: کتاب المفتی (کتاب الوقف والی جلد)، ۳: القضایا الفقہیہ المعاصرہ (الشیخ تقی عثمانی صاحب)، ۴: التشریع الجنائی للشیخ عبدالقادر عودۃ)، ۵: اصول سرخسی (اصول فقہ)، ۶: تمرین فتاویٰ (کم از کم ۵۷ فتاویٰ)، ۷: اسلام اور جدید معیشت وتجارت، ۸: قانون انتقال جائیداد۔ مقالہ: مقالہ باختیار مجلس تعلیمی متعلقہ مدرسہ بلحاظ عنوان وحجم۔ اجلاس کے اختتام میں یہ قرارداد منظور کی گئی کہ ملحوظہ نصاب وفاق المدارس العربیہ کوارسال کرنے کے بعد وفاق المدارس کی طرف سے منظوری لینے کے بعد مذکورہ نصاب مستقل لائحہ عمل بنایا جائے گا۔

۶ فروری ۲۰۰۸ کو جامعہ کے طلباء واساتذہ کرام نے معروف روحانی شخصیت، داعی کبیر، سلطان قلم، عالمی تحفظ ختم نبوت کے نائب امیر اور حضرت رائے پوریؒ کے خلیفہ اجل مولانا شاہ نفیس الحسینیؒ کے وفات کی خبر پا کر طلباء اور اساتذہ جامعہ نے اجتماعی طور پر ختم قرآن شریف اور دعائیں کیں۔

۱۱ فروری ۲۰۰۸ کو جامعہ کے جملہ درجات کا سہ ماہی امتحان شروع ہوا۔ جس میں طلبہ نے اپنی صلاحیتوں اور پڑھائے گئے اسباق میں پیدا کردہ رسوخ کا اظہار کیا۔ نتائج کی تیاری جاری ہے۔